فوڈ اسٹامپ پروگرام سے متعلق ۱۰ حقائق
جو آپ کو جاننا چاہیئے

<u>حقیقت :</u> فوڈ اسٹامپ پروگرام کوئی فلاحی پروگرام نہیں ہے. یہ ایک غزائیت والی خوراک کی امداد کا پروگرام ہے جسے کم آمدنی والے افراد اور خاندانوں کو تغذیہ دار غذائیں خرید نے اور استعمال کرنے میں مدد کے لیے تیار کیا گیا ہے.

<u>حقیقت :</u> فوڈ اسٹامپ پروگرام اہلیت سے مشروط پروگرام ہے. دوسرے الفاظ میں ہر وہ شخص جو درخواست کرے اور جسے اہل قرار دیا جائے اسے فوڈ اسٹامپ کی مراعات حاصل ہوں گی.

<u>حقیقت :</u> فوڈ اسٹامپس مستحق افراد اور خاندانوں کے لیے ہوتے ہیں جن میں عمر رسیدہ، معذور، کام کرنے والے گھریلو افراد، بعض قانونی تارکین وطن اور ان کے یو ایس میں پیدا ہونے والے بچے شامل ہیں.

<u>حقیقت :</u> افراد مکان خریدنے اور ان کے مالک ہونے کے باوجود فوڈ اسٹامپس حاصل کر سکتے ہیں. گھر اور اس کے قطعہء زمین فوڈ اسٹامپس پروگرام میں وسائل کی حیثیت سے شمار نہیں کیے جاتے. فوڈ اسٹامپ پروگرام کسی شخص سے اپنے گھر کے مالکانہ حقوق منتقل کرنے کا تقاضا نہیں کرتا.

<u>حقیقت :</u> سال ۲۰۰۰ میں تنہا رہنے والے عمر رسیدہ افرادکو اوسطاً ۴۳ ڈالر ماہانہ کی امداد دی گئی جب کہ دوسروں کے ساتھ رہنے والے عمر رسیدہ افراد کو اوسطاً ۱۱۸ ڈالر ماہانہ کی امداد دی گئی.

<u>حقیقت :</u> اگر کوئی عمر رسیدہ یا معذور فرد فوڈ اسٹامپ کے دفتر تک جانے کے قابل نہیں ہے تو وہ ٹیلی فون انٹرویو کی درخواست کر سکتا / سکتی ہے. ایسا شخص کسی رشتےدار، پادری، پڑوسی وغیرہ کو اختیار یافتہ نمائندے کی حیثیت سے انٹرویو میں شرکت کے لیے کہہ سکتا ہے. ایس ایس آئی (Supplemental Security Income – SSI) کے درخواست دہندگان اور موصول کنندگان بھی سوشل سکیورٹی آفس میں فوڈ اسٹامپ کی مراعات کے لیے درخواست دے سکتے ہیں.

Urdu

<u>حقیقت :</u> ۳۵ ڈالر ماہانہ سے تجاوز کرنے والے طبی اخراجات کی کٹوتی خاندان کی مجموعی آمدنی میں سے کی جا سکتی ہے. سوا اس کے کہ کوئی بیمہ کمپنی یا کوئی شخص جو خاندان کا فرد نہ ہو ان کی طرف سے ادائیگی کرتا ہو. ۳۵ ڈالر سے زیادہ رقم کی کٹوتی کی جا سکتی ہے.

<u>حقیقت :</u> عمر رسیدہ افراد پر مشتمل خاندانوں یا اس خاندان کے لیے جس میں ایک عمر رسیدہ فرد ہو وسائل کی حد ۳۰۰۰ ڈالر تک ہے. دیگر تمام خاندانوں کے لیے وسائل کی حد ۲۰۰۰ ڈالر تک ہے.

<u>حقیقت :</u> فوڈ اسٹامپس حاصل کرتے ہوئے بھی خاندان میلز آن وھیلز (Meals on Wheels)، اسپشل سپلی منٹل نیوٹریشن پروگام فار ویمن، ان فینٹس اینڈ چلڈرین (ڈبلیو آئی سی) (Special Supplemental Nutrition Program for Women, Infants, and Children – WIC) کی مراعات اور اسکول لنچ پروگرام (School Lunch Program) جیسے تغذیاتِ اطفال کی مراعات حاصل کر سکتے ہیں.

<u>حقیقت :</u> فوڈ اسٹامپ پروگرام کی مراعات حاصل کرنے سے وہ خاندان جن میں کوئی قانونی تارکین وطن موجود ہیں پبلک چارج کے تحت نہیں آئیں گے.

فوڈ اسٹامپس امریکہ کو مضبوط تر بناتے ہیں

یو ایس ڈی اے (United States Department of Agriculture - USDA) یکساں مواقع کا ایک فراہم کار اور آجر ہے.